سوال

(822) وظائف میں اپنی طرف سے تخصیص کرنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

تیسرا کلمہ 'سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُلِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ' صبح و شام سو مرتبہ درود شریف صبح شام سو مرتبہ۔ توبہ و استغفار صبح شام سو مرتبہ پڑھنا کیسا ہے۔ اگر یہ تسبیحات پڑھی جائیں تو مسنون ہیں؟ (سائل) (۲۹ مارچ ۱۹۹۶ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

مذکورورد کے کلمات بروایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ''صحیح مسلم ''میں ثابت ہیں۔ (۳۴۵/۳) اس روایت میں گنتی کا تعین نہیں لیکن اسی باب کے اخیر میں تسبیح میں سو دفعہ گنتی کا بھی ذکر ہے۔ اس بناء پر اگر سو دفعہ ورد ہذا کا تعین کر لیا جائے تو جواز کی گنجائش ہے لیکن دُرود کی گنتی کو حسب توفیق پر چھوڑ دینا چاہیے کیونکہ تعین متعذر ہے اور اسی کے زمرہ میں عمومی توبہ اور استغفار وغیرہ شامل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، متفرقات: صفحہ:563

محدث فتویٰ